وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ
خزینہ درود
ترتیب وتدوین
نور احمد ملک

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

درودِ ابراہیمی

حضرت ابراہیم علیہ السلام کے خاندان کا یہ بیش بہا تحفہ جو اُمتِ محمدیہ کے حق میں پیش کیا گیا اس کے بدلے میں اُمتِ محمدی کو یہ حکم دیا گیا کہ خاندانِ ابراہیمی کے حق میں پانچوں نمازوں میں دُعا کیا کرو اور اس دُعا کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے درود ابراہیمی کی صورت میں بوضاحت بیان فرمایا۔ اس درود پاک سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خاندانِ ابراہیمی سے محبت کا اظہار ہوتا ہے اور اس محبت کی بنا پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ایک بیٹے کا نام ابراہیم رکھا اس کے علاوہ شبِ معراج میں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا تھا کہ اپنی اُمت کو میرا سلام کہہ دیجئے گا۔ اس سلام کے جواب میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے درود ابراہیمی میں ان پر سلام پیش کیا۔

یہ درود تمام درود کے صیغوں سے افضل ہے۔ کیونکہ اِس درود کے الفاظ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمودہ ہیں۔ اِس لیے اس درود پاک کو نماز کے علاوہ کثرت سے پڑھنا دینی و دنیاوی فیوض و برکات حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے اور اللہ کی رحمت و خوشنودی حاصل ہوتی ہے دُنیا کے تمام

کاموں میں آسانی پیدا ہو جاتی ہے اور قدم قدم پر اللہ کی مدد شامل حال رہتی ہے حاجات پوری ہو جاتی ہیں۔ حضورؐ کی شفاعت واجب ہو جاتی ہے۔ مال و اسباب میں برکت پیدا ہو جاتی ہے۔ خاتمہ بالایمان ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ آخرت کی زندگی سے متعلقہ تمام منازل آسان ہو جاتی ہیں اور اس درود پاک کو معمول سے پڑھنے والا جنت میں جائے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

اے اللہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر صلوۃ بھیج

کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ

جس طرح تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی

اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ○ اَللّٰھُمَّ

آل پر صلواۃ بھیجی بے شک تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے اے اللہ

بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل کو برکت دے جس

بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ

طرح تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان کی آل کو برکت دی

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ○

بے شک تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے۔

درودِ خضری

یہ درود اولیاء اللہ کے اکثر معمول میں رہا ہے بے شمار اولیاء نے اسے پڑھا ہے خاص کر حضرت میاں شیر محمد شرقپوری عارف کامل کے بارے میں بیان کیا جاتا ہے۔ کہ آپ یہ درود کثرت سے پڑھا کرتے تھے کیوں کہ یہ درود الفاظ کے لحاظ سے مختصر ہے مگر معنی کے لحاظ سے جامع ہے اس درودِ پاک کے فوائد بے پناہ ہیں سب سے بڑا فائدہ یہ ہے اس درود کو پڑھنے والا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا محبوب غلام بن جاتا ہے اور دین و دنیا میں اسے کسی چیز کی کمی نہیں رہتی اور سکون قلب کی دولت سے مالا مال ہو جاتا ہے۔ بزرگان چورہ شریف حضرت بابا فقیر محمد چوراہی اور ان کے سجادہ نشین حضرت کے معمول میں یہی درود کثرت سے پڑھا جاتا ہے۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ

اے اللہ اپنے محبوب محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور ان کے

وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ○

صحابہ پر سلام اور درود بھیج۔

درودِ ہزارہ

درود ہزارہ طالبان روحانیت کا محبوب درود ہے کیوں کہ

اس درُود سے سالکین کو رُوحانی منازل طے کرنے میں بہت آسانی ہو جاتی ہے اور رسُول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خاص شفقت، عنایات اور توجہ حاصل ہوتی ہے عام حضرت کے لیے بھی یہ درُود زیارت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے بہت مؤثر اور اکسیر ہے لہٰذا جو شخص حضورﷺ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا خواہش مند ہو تو اسے چاہیئے کہ رمضان المبارک میں یہ درُود روزانہ تہجد کے وقت ایک ہزار مرتبہ پڑھے انشاء اللہ بہت جلد زیارت سے سرفراز ہوگا اسے ایک بار پڑھنے سے ہزار نیکیوں کا ثواب ملتا ہے اور سو حاجتیں پُوری ہوتی ہیں دُنیادی فیوض و برکات حاصل کرنے کے لیے اسے ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھنا بہت بہتر ہے غم و فکر مشکلات سے نجات حاصل کرنے کے لیے بعد نماز فجر ۱۱ مرتبہ پڑھنا چاہیئے۔ انشاء اللہ دل کو سکون حاصل ہوگا اور تمام مشکلات دُور ہو جائیں گی۔

وسعت رزق اور قرضہ کی ادائیگی کے لیے بعد نمازِ عشاء ۳۱۲ مرتبہ پڑھنا بہت مجرب ہے لہٰذا جو شخص قرض میں دبا ہُوا ہو تو اس کے لیے اس درُود پاک کا پڑھنا نہایت ہی مفید ہے جو شخص جمُعہ کے روز اسے ہزار مرتبہ پڑھے وہ شخص جنت میں داخل ہوگا۔ یہ درُود خاندان چشتیہ کے اکثر بزرگوں کے معمُول میں سے ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

اے اللہ درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اوپر

بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مِّائَۃَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّۃٍ

ہر ایک ذرہ کے عوض دس کروڑ بار اور برکت دے

وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ ۵

اور سلام بھیج۔

درودِ نعمتِ عظمیٰ

یہ درود شریف ایک طرح کا دریائے رحمت ہے اور اسے پڑھنے والا دریائے رحمت میں غوطہ زن ہو جاتا ہے لہٰذا اس درود شریف کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ جب پڑھنے والا اَللّٰھُمَّ صَلِّ کہتا ہے تو وہ اللہ کے فضل و کرم کے سمندر میں قدم رکھ دیتا ہے اور جب وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا نام لیتا ہے تو وہ دریائے رسالت کی موجوں میں آجاتا ہے اور جس وقت وہ وَعَلٰی اٰلِہٖ کہتا ہے تو اس پر اہل بیت جیسی عنایات ہونے لگتی ہیں اور جب عَلٰی اَصْحَابِ کہتا ہے تو اسے صحابہ جیسی خیر و برکت ملنا شروع ہو جاتی ہے اس درود کے پڑھنے سے گناہ مٹ جاتے ہیں اور دل کی تمنائیں پوری ہوتی ہیں روح اور دل کو تر و تازگی ملتی ہے دلی مرادیں اللہ تعالیٰ پوری کرتا ہے۔ لہٰذا جو شخص اس درود شریف کے فیوض و برکات سے سُرخرو ہونا چاہے تو اسے چاہیئے

کہ اس درُود پاک کو ہر نماز کے بعد کثرت سے پڑھے اگر ایسا نہ کر سکے تو ایک بار ضرور پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

اے اللہ ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ہمارے سردار

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اَصْحَابِ سَیِّدِنَا

محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ

مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ ○

پر درُود برکت اور سلام بھیج۔

درُود امام بوصیری

یہ حضرت امام بوصیری کے قصیدہ بُردہ شریف کے دیباچہ کا شعر ہے جو درُود بوصیری کے نام سے مشہور ہے دراصل یہ شعر قصیدہ بردہ شریف کا نچوڑ ہے اور بے پناہ دینی و دنیوی فوائد کا حامل ہے جو شخص یہ درُود روزانہ سو مرتبہ صبح اور سو مرتبہ شام پڑھے اس کا دل عشق رسول سے موجزن ہو جائے گا اور اگر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کو مدِنظر رکھے گا تو زیارت سے نوازا جائے گا۔ اس درُود کو دائمی طور پر پڑھنے والا اللہ اور اس کے رسُول کا محبُوب بندہ بن جاتا ہے اور مرنے کے بعد اسے حضور کی شفاعت سے جنّت ملے گی۔

اگر کوئی حاجت درپیش ہو تو ۱۲۰ دن تک پندرہ سو مرتبہ روزانہ بعد از نماز فجر یا بعد نماز عشاء پڑھے۔ انشاء اللہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے حاجت پوری ہو گی۔ اگر کوئی مالی دشواری درپیش ہو یا کسی کا قرض دینا ہو یا کسی سے قرض وصول کرنا ہو اور اس کی ادائیگی یا وصولی کی کوئی صورت بنتی ہوئی نظر نہ آتی ہو تو چالیس دن تک اسے روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ رزق میں فوراً اضافہ ہو جائے گا اور مسئلہ حل ہو جائے گا۔ نماز فجر کے بعد روزانہ ۱۱ مرتبہ پڑھنے سے عزت اور شہرت میں اضافہ ہو گا ۱۲ سال تک روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ پڑھنے سے درجہ ولایت حاصل ہو گا۔

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَآئِمًا اَبَدًا

اے میرے مولا تُو اپنے حبیب پر ہمیشہ ہمیشہ دُرود

عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

سلام بھیج جو تیری مخلوق میں سب سے بہتر ہیں

یَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَآئِمًا اَبَدًا

اے پروردگار تُو اپنے حبیب پر ہمیشہ ہمیشہ دُرود و

عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

سلام بھیج جو تیری مخلوق میں سب سے بہتر ہیں۔

درودِ مصطفیٰ

اس درودِ پاک کا عامل نیک صفات سے متصف ہو جائے گا۔ اور کثرت سے پڑھنے والا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں محو رہے گا اور جو شخص صبح شام یا ہر نماز کے بعد اس درود شریف کی تلاوت کرتا رہے وہ ذلت سے نکل کر عظمت میں آ جائے گا۔ ادنیٰ سے اعلیٰ مرتبے پر پہنچے گا۔ اگر کسی حاکم یا کسی افسر کے پاس جائے گا تو عزت پائے گا۔ اور اسے کثرت سے پڑھنے والے کا دل روشن ہو جاتا ہے اور اسے سچے خواب آنے لگتے ہیں خواب میں بزرگان اور جلیل القدر ہستیوں کی زیارت ہو گی اگر شدید قسم کے بیمار آدمی کے سرہانے اس درودِ پاک کو سو مرتبہ پڑھا جائے اور اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطہ سے اللہ کے حضور بیمار کی صحت یابی کی دعا کی جائے تو اللہ قبول فرمائے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى حَبِيْبِكَ

اے اللہ درود اور سلام اور برکت بھیج اپنے

الْمُصْطَفٰى وَعَلٰىٓ اٰلِهٖ وَسَلِّمْ ○

حبیب مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ان کی آل پر اور سلامتی۔

○

درودِ قرآنی

اس درودِ پاک کے الفاظ میں یہ کہا گیا ہے کہ اے اللہ قرآن پاک کے الفاظ کے برابر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ بھیج اس لیے اسے قرآنی درود کہا جاتا ہے۔ اس درود کے پڑھنے والے پر اللہ تعالیٰ کی بے پناہ رحمت ہوتی ہے کیوں کہ اس درود کے ساتھ اللہ کی رحمت کا خاص دخل ہے۔ اگر بارش نہ ہوتی ہو تو علاقہ کے لوگ ایک مسجد میں جمع ہو کر اجتماعی صورت میں شماروں پر سوا لاکھ مرتبہ یہ درود پڑھیں اور اس کے بعد بارش کی دُعا مانگیں انشاءاللہ بارگاہ رب العزت میں دُعا قبول ہوگی اور رحمتِ ربّی کا بادل آسمانوں پر چھا کر برسنا شروع کر دے گا۔

اس درودِ پاک کی ایک اور خصوصیت یہ ہے کہ پڑھنے والے کے دِل میں حبِ رسول بہت بڑھ جاتی ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی سے کمال محبت نصیب ہوتی ہے۔ جو شخص اسے قرآنِ پاک کی تلاوت شروع کرتے وقت اور ختم کرتے وقت سات سات مرتبہ پڑھے وہ ہمیشہ خوشحالی اور پرسکون رہے گا اس کے علاوہ صبح و شام اسے تین مرتبہ پڑھنا گھر میں خیر و برکت اور اتفاق کا موجب ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ

اے اللہ درود بھیج اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اور انکی اولاد کے اور ان

بِعَدَدِ مَا فِیْ جَمِیْعِ الْقُرْاٰنِ حَرْفًا حَرْفًا

کے دوستوں کے مطابق قرآن کے حروف کی تعداد کے اور ہر حرف کے بدلے

وَبِعَدَدِ كُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا ط

ایک ایک ہزار کے عدد کے مطابق

درودِ فقری

یہ درود میرے معمولات میں سے ہے یہ درود بے پناہ
انوار و برکات کا حامل ہے۔ صدق و اخلاص سے پڑھنے والا
اللہ کی طرف راجع ہو جاتا ہے اور اعمال نامے میں نیکیوں میں
اضافہ ہوتا ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قربت حاصل
ہوگی۔ ظاہر اور باطن میں پاکیزگی پیدا ہوگی۔ بعد نمازِ فجر ایک
سو مرتبہ بلا ناغہ پڑھنے والا ہر طرح کے فیضان سے مستفید و
مستفیض ہوگا۔ اور جو شخص بعد نماز عشاء گیارہ سو مرتبہ دینی و
دنیوی حاجت روائی کی غرض سے پڑھے انشاء اللہ اس کے
دل کی مراد پوری ہوگی اور اللہ کی مدد رحمت سے اس کی
مشکل حل ہو جائے گی۔ اگر روزانہ ۱۱ مرتبہ پڑھا جائے تو اللہ کی
تائید و مدد شاملِ حال رہے گی۔ غمزدہ پڑھے غم دور ہو جائے
سفر میں پڑھا جائے سفر بخیریت گزرے گا۔ عام طور پڑھنے سے

شر شیطان اور ایذائے دشمن سے حفاظت رہے گی اگر کوئی چالیس رات بعد نماز تہجد ۳۱۲۵ مرتبہ پڑھے جو اللہ سے مانگے وہی ملے اگر زیارت کی غرض سے پڑھے تو زیارت سے بھی مشرف ہوگا۔ ایسا کرم اللہ تعالیٰ نے بندہ ناچیز پر بھی کیا ہوا ہے۔ رمضان المبارک میں کثرت سے پڑھنا بارگاہ محبوب خدا صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچنے کا بہترین وسیلہ ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کی خوشنودی و رضا اور قرب حاصل کرنے کا آسان ترین ذریعہ ہے۔ اسے ہمیشہ معمول کے مطابق پڑھنے والا مستجاب الدعوات ہوجاتا ہے۔

(۱۰۰ بار بعد نماز فجر)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی اَفْضَلِ حَبِیْبِکَ النَّبِیِّ

اے اللہ اپنے افضل حبیب عظیم نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم

الْعَظِیْمِ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلِّمْ

پر اور آپ کی آل پر اور آپ کے صحابہ پر درود اور سلام بھیج

درود حصول رحمت

یہ درود اللہ کو راضی کرنے کے لیے بہت بہتر ہے۔ لہٰذا جو شخص اسے روزانہ پڑھنے کا معمول بنالے اللہ اس سے راضی ہو جائے گا اور اسے نعمتوں اور رحمتوں سے مالا مال کردے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے ایسا نیک کام سرانجام دینے کی توفیق دے گا۔ جو قیامت تک رہے گا جس سے اس کا نام ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہے

گا۔ یہ درُود شریف میرے معمولات میں سے ہے۔ میں نے اسے فیوض و برکات کے لحاظ سے بہت اکسیر پایا ہے جو شخص اس درُود شریف کو روزانہ چند بار پڑھنے کا معمول بنالے اس کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک خاص تعلق اور رابطہ پیدا ہو جائے گا جس کی بدولت بے پناہ دینی فوائد حاصل ہوں گے۔ یہ درُود دل کی میل کچیل کو اسی طرح دھو ڈالتا ہے جس طرح صابن کپڑے کو دھو کر صاف کر دیتا ہے۔ (۱۱ بار پڑھیئے)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ صَلٰوةً دَآئِمًا وَّسَلِّمْ سَلَامًا اَبَدًا

اے اللہ درُود بھیج ابدی درُود بھیج اور ابدی سلام بھیج اپنے حبیب اور

عَلٰى حَبِيْبِكَ وَسَيِّدِ النَّبِيِّيْنَ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ

انبیاء کے سردار پر اور ان کی آل پر اور ان کے صحابہ پر

اَجْمَعِيْنَ فَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

پس تمام تعریفیں پروردگار عالم کے لیے ہیں۔

درُود حبیب

یہ درُود عاشقانِ رسُول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا خصوصی وظیفہ ہے اور اس کے لیے بے پناہ فیوض و برکات ہیں اسے پڑھنے سے بے پناہ اللہ کی رحمت ہوتی ہے اور گناہ معاف ہوتے ہیں بھُولی ہوئی چیزیں یاد آجاتی ہیں۔

حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی قربت نصیب ہوتی ہے دنیا کے غموں سے نجات ملتی ہے۔ اعمال نامہ میں کثرت سے نیکیاں لکھی جاتی ہیں یہ دُرود پڑھنے والوں پر اللہ راضی ہو جاتا ہے۔ یہ دُرود قبر کی روشنی ہے۔ یہ دُرود حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کا سب سے بہترین ذریعہ ہے۔ لہٰذا ہر دُعا کے آغاز اور اختتام پر یہ دُرود پڑھنا چاہیئے۔ ہر مجلس کے شروع میں یہ دُرود پڑھنا چاہیئے۔ صُبح و شام بلکہ ہر نماز کے بعد یہ دُرود پڑھنا بہت مفید ہے۔ وعظ و تقریر کے شروع میں حج کے مناسک ادا کرتے وقت مساجد میں فارغ وقت میں گویا جب وقت موقع پائیں اس درود پاک کو کثرت سے پڑھیں انشاءاللہ دُنیا اور آخرت میں کامیابی حاصل ہوگی۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللہِ وَعَلٰی

اے اللہ کے رسول تجھ پر درود اور سلام ہو۔ اور اے اللہ کے حبیب تمہاری

اٰلِکَ وَاَصْحَابِکَ یَاحَبِیْبَ اللہِ (ہر نماز کے بعد)

آل اور تمہارے صحابہ پر بھی دُرُود اور سلام ہو۔

دُرود مستجاب الدعوات

یہ دُرود اللہ کا رحم و کرم حاصل کرنے کے لیے بہت بڑا وسیلہ ہے جو شخص اسے سَو مرتبہ بعد نمازِ فجر اور سَو مرتبہ بعد

نمازِ عشاء پڑھے وہ زندگی بھر معزز و مکرّم رہے اگر تنگدستی اور مفلسی
دور کرنے کی نیت سے پڑھے تو بہت جلد اللہ اس پر کرم کرے گا۔
اور اس کے رزق میں اضافہ ہو جائے گا۔ اور جو شخص اس درودِ
پاک کو روزانہ کم از کم ۱۱ مرتبہ پڑھے تو وہ اس درود پاک کی بدولت
عزت دولت اور برکت جیسی عظیم نعمتوں سے مالا مال ہو جائے
گا۔ اگر کوئی شخص رزقِ حلال کھا کر نوے دن تک روزانہ اسے
گیارہ سو مرتبہ سوتے وقت پڑھے تو انشاء اللہ زیارت رسول اکرم
صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرف ہو گا۔ اس کے علاوہ جب بھی اسے
پڑھا جائے گا۔ تو اس سے دُنیا و آخرت کی بھلائیاں حاصل ہوں گی

(۱۱ مرتبہ)

صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْكَرِيْمِ وَعَلٰى اٰلِهٖ

اے اللہ اپنے اُمی کریم نبی پر اور ان کی آل پر اور ان کے صحابہ پر رحمت

وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمْ

اور سلامتی نازل فرما۔

درُودِ لکھی

۱۔ جانکنی کی سختی سے محفوظ رہے گا۔ ۲۔ قبر میں وسعت
ہو گی۔ ۳۔ کسی کی محتاجی نہ ہو گی۔ ۴۔ مخلوقِ خدا اس سے محبت
کرے گی۔ اس سے معلوم ہوا کہ اس درود کی برکات حاصل
کرنے کے لیے اسے روزانہ پڑھنا چاہیئے اس کے علاوہ رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلّم کے قرب اور زیارت کے لیے بھی یہ درود بہت مؤثر ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ ہمارے سردار و آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَاٰلِہٖ وَبَارِكْ

جو جود و کرم کا خزینہ ہیں پر اور ان کی آل پر درود برکت

وَسَلِّمْ ○

اور سلام بھیج۔

دُعا

یہ دُعا امام محمّد بن ادریس خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ کی ہے

اس دُعا سے فرشتے کانپتے ہیں

اَللّٰھُمَّ یَا وَدُوْدُ یَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِیْدُ

یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ

يَاذَا الْعِزَّةِ الَّتِیْ لَا تُرَامُ وَ الْمُلْكِ
الَّذِیْ لَا یُضَامُ یَا مَنْ عَلٰی نُوْرِہٖ اَرْکَانُ
عَرْشِہٖ مَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ یَا مُغِیْثُ
اَغِثْنِیْ یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ
شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○

فرماتے ہیں ایک مظلوم نے یہ دُعا پڑھی اسی
وقت ایک کڑک کی آواز آسمان سے آئی اور ایک فرشتہ ہاتھ
میں برچھا لئے ہوئے نازل ہُوا ۔ اس قزاق کو جو اس مظلوم
کو قتل کرنا چاہتا تھا قتل کر دیا ۔ اور کہا اسے زید جب تو
نے پہلی مرتبہ خدا سے دُعا کی تو میں ساتویں آسمان پر تھا ۔
جبریل نے آواز دی کہ اس مظلوم کی مدد کو کون جاتا ہے
میں نے کہا میں جاتا ہوں ۔ پھر جب تو نے دُعا کی تو میں
آسمانِ دُنیا پر تھا ۔ پھر جب تو نے تیسری بار دُعا کی تو میں
آن پہنچا ۔ جو اس دُعا کو پڑھ کر دُعا مانگے گا اس کی دُعا قبول
ہو گی ۔

پھر جب زید حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت
میں حاضر ہوئے اور آپ سے یہ واقعہ بیان کیا تو آپؐ نے

فرمایا کہ خدائے تعالیٰ نے تجھ کو اپنا اسمِ اعظم تلقین کیا جس کے ساتھ جو دُعا مانگی جاتی ہے قبول ہوتی ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

خُدا کی عبادت کرتے ہوئے خُدا سے مدد مانگنا

اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ (س فاتحہ)

ہم صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور صرف تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔

اشارہ:۔ کسی سے کچھ طلب کرنا ہو تو پہلے تعلق اور لگاؤ ہونا چاہیئے۔ اس لیے خدا کی عبادت ضروری ہے۔

جلے ہوئے شخص پر یہ پڑھ کر دم کریں

اَذۡهِبِ الۡبَاۡسَ رَبَّ النَّاسِ اِشۡفِ اَنۡتَ

دُور کر دے تکلیف کو اے لوگوں کے پروردگار، شفا دے دے تو ہی شفا دینے

الشَّافِیۡ لَا شَافِیَ اِلَّا اَنۡتَ۔

والا ہے، تیرے سوا کوئی شفا دینے والا نہیں۔

دُعاء حصن بیت

یعنی چور وغیرہ سے گھر محفوظ رکھنے کی دُعاء

رات کو سوتے وقت یہ آیت پڑھ کر سو جائے اگر چور

آ بھی جائے تو گھر سے مال چرا کر بھاگ نہ سکے گا۔ تمام راستے اس کے لیے بند ہو جائیں گے۔ آیت یہ ہے۔

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ○

رشتے کا انمول وظیفہ

نماز فجر کے بعد ۵۰۰ بار یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ پڑھیں۔
نماز عشاء کے بعد ۱۰۰ مرتبہ

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ

پاک ہے (ہر عیب سے) رب تعالیٰ اور اس کی حمد ہے۔ میں اللہ سے بخشش طلب کرتا ہوں اور اسکی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں

پورے دن میں گیارہ سو مرتبہ درود خضری

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلَّمْ

بعد نمازِ مغرب سَو مرتبہ یا لطیفُ اور پھر دل کی گہرائی سے اللہ عزوجل کی بارگاہ میں دُعا کرنے سے ۴۱ دِن میں رشتے ہونے کی پوری امید رکھیں۔ (انشاءاللہ) نماز کی پابندی شرط ہے۔ (خواتین مخصوص دِنوں میں یہ وظیفہ پڑھ سکتی ہیں)

اس کا ثواب بہت بڑے پیمانہ میں ناپا جائیگا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

اے اللہ دُرُود بھیج حضرت محمدؐ پر جو نبی اُمی ہیں

وَ اَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ

اور انکی بیویوں پر جو سارے مسلمانوں کی مائیں ہیں اور آپؐ کی آل

وَاَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

اولاد اور گھرانے پر جس طرح دُرُود بھیجا تو نے آلِ ابراہیم پر بیشک

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

تو بزرگی و تعریف والا ہے۔

فضیلت حضرت ابُوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسُولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ جس شخص کو یہ بات پسند ہو کہ جب وہ درُود شریف پڑھا کرے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مُبارک گھرانے پر تو اس کا ثواب

بہت بڑے پیمانے میں ناپا جائے تو وہ ان الفاظ میں یہ درود شریف پڑھے ۔ (ابوداؤد شریف)

حوضِ کوثر سے بھرپور پیالہ پیئے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ

اے اللہ درود نازل فرما حضرت محمدؐ پر اور آپؐ کی آل پر اور آپؐ کے صحابہ پر اور آپؐ

وَاَوْلَادِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ

کی اولاد پر اور آپؐ کی بیویوں پر اور آپؐ کی اولاد پر اور آپؐ کے خاندان پر اور آپؐ

وَاَصْھَارِہٖ وَاَنْصَارِہٖ وَاَشْیَاعِہٖ وَمُحِبِّیْہِ

کے سسرالی رشتہ داروں پر اور آپؐ کے مددگاروں پر اور آپؐ کے پیروکاروں پر اور آپؐ سے

وَاُمَّتِہٖ وَعَلَیْنَا مَعَھُمْ اَجْمَعِیْنَ یَآ اَرْحَمَ

محبت کرنے والوں پر اور آپؐ کی امت پر اور ہم پر ان کے ساتھ سب کے سب اے سب سے بڑے

الرّٰحِمِیْنَ۔

مہربانی کرنے والے مہربان ۔

فضیلت حضرت خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ جو شخص یہ چاہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے حوض سے بھرپور پیالہ پیوے تو وہ یہ درود شریف پڑھا کرے ۔ اس

حدیث کو قاضی عیاضؒ نے شفاء شریف میں بھی لکھا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

سات جمعہ یہ پڑھنے پر شفاعت واجب ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ

اے اللہ رحمتیں نازل فرمائیے آپ ہمارے آقا محمدؐ پر اور آپکی اولاد پر اس قدر رحمتیں

صَلٰوۃً تَکُوْنُ لَکَ رِضًا وَّلِحَقِّہٖ اَدَآءً وَّاَعْطِہِ

کہ آپ راضی ہو جائیں اور ہمارے آقاؐ کا حق ادا ہو جائے اور ہمارے آقاؐ کو نعمت

الْوَسِیْلَۃَ وَالْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ

وسیلہ عطا فرمائیے اور مقام محمود بخش دیجئے جس کا آپ ہمارے آقا سے وعدہ فرما

وَاجْزِہٖ عَنَّا مَا ھُوَ اَھْلُہٗ وَاجْزِہٖ عَنَّا مِنْ اَفْضَلِ

چکے ہیں اے اللہ ہمارے آقا کو ہماری طرف سے وہ بدلہ عطا کیجئے کہ جس کے وہ اہل ہیں

مَا جَزَیْتَ نَبِیًّا عَنْ اُمَّتِہٖ وَصَلِّ عَلٰی جَمِیْعِ

اور ہماری جانب سے ان کو وہ بدلہ دیجئے جو بہتر سے بہتر بدلہ کسی نبی کو اپنی امت

اِخْوَانِہٖ مِنَ النَّبِیّٖنَ وَالصّٰلِحِیْنَ یَآ اَرْحَمَ

کی جانب سے بخشا ہو اور آپ کے تمام برادران نبوت انبیاء اور صالحین پر رحمتیں نازل فرمائیے

الرّاحمین.

اے ارحم الراحمین (ہماری یہ دُعا قبول فرما۔

فضیلت حدیث میں ہے کہ یہ درُود سات جمعوں تک ہر جُمعہ کو سات مرتبہ پڑھنے والے کیلئے شفاعت واجب ہوجاتی ہے

تمام مخلوق سے افضل ہے

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کَمَا اَنْتَ اَھْلُہٗ

اے اللہ تیرے ہی لیے حمد ہے جو تیری شان کے مناسب ہے۔ پس تو

فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا اَنْتَ اَھْلُہٗ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درُود بھیج جو تیری شان کے مناسب ہے اور ہمارے

وَافْعَلْ بِنَا مَا اَنْتَ اَھْلُہٗ فَاِنَّکَ اَنْتَ

ساتھ بھی وہ معاملہ کر جو تیری شایانِ شان ہو بے شک تو ہی اس

اَھْلُ التَّقْوٰی وَاَھْلُ الْمَغْفِرَۃِ۔

کا مستحق ہے کہ تجھ سے ڈرا جائے اور مغفرت کرنے والا ہے۔

فضیلت ایک علامہ جو ابنِ المشتہر کے نام سے مشہور ہیں یُوں کہتے ہیں کہ جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اللہ جل شانہٗ کی ایسی حمد کرے جو اس کو سب سے زیادہ افضل ہو، جو اب تک کی مخلوق میں سے کسی نے کی ہو۔ اوّلین و آخرین اور ملائکہ

مقربین آسمان والوں اور زمین والوں سے بھی افضل ہو اور اسی طرح یہ چاہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر ایسا درود شریف پڑھے جو اس سب سے افضل ہو جتنے درود کسی نے پڑھے ہیں اور اسی طرح یہ بھی چاہتا ہو کہ وہ اللہ تعالیٰ شانہ، سے کوئی ایسی چیز مانگے جو اس سب سے افضل ہو جو کسی نے مانگی ہو تو وہ یہ پڑھا کرے۔

یہ درود شریف ایک مرتبہ پڑھنا دس ہزار درود کے برابر ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ

اے اللہ رحمتیں اور سلامتی اور برکتیں نازل فرمایئے۔

وَّعَلٰى اٰلِهٖ كَمَا لَا نِهَايَةَ لِكَمَالِكَ

ہمارے آقا محمدؐ پر اور آپؐ کی اولاد پر اپنے بیشمار کمالات کے مطابق

وَعَدَدِ كَمَالِهٖ.

اور ہمارے آقا کے کمالات کے عدد کے مطابق

فضیلت ایک بار پڑھنا دس ہزار درود شریف کے برابر ہے۔ سعادت الدارین میں کنوز الاسرار سے نقل کیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بسند صحیح مروی ہے کہ یہ درود شریف دس ہزار کے برابر ہے نیز شیخ ابن ریحونؒ سے مروی ہے کہ عالم منام میں مجھ کو یہ درود شریف نبی کریم صلی اللہ

علیہ وسلم نے سکھلایا تھا۔ شیخ عارف مولانا عبداللہ الحسنی فرماتے
ہیں کہ مجھ کو ان بزرگ کی اس خواب میں شک اور تردد ہوا۔
فضل خداوند تعالیٰ سے میں بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم
کی زیارت سے مشرف ہوا تو میں نے آپؐ سے اس درود کی
فضیلت کے متعلق دریافت کیا (یعنی کیا واقعی اس کا اجر و ثواب
دس ہزار کے برابر ہے یا نہیں) اس کے جواب میں نبی کریم
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قَدْ كَانَ ذٰلِكَ ۔ انتہی

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا وَمَوْلَانَا

اے اللہ رحمتیں نازل فرمائیے ہمارے آقا ہمارے نبی ہمارے

مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ قَائِدِ

سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جو اگلے اور پچھلے تمام انسانوں کے

الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ السَّيِّدِ الْكَامِلِ الْفَاتِحِ

سردار ہیں اور جو رہنما ہیں ایسے لوگوں کے جو روشن پیشانی اور روشن اعضا

الْخَاتِمِ الْحَبِيْبِ الشَّفِيْعِ الرَّءُوْفِ الرَّحِيْمِ

والے ہوں گے قیامت کے روز (مراد امت محمدی ہے) آپؐ سردار باکمال

الصَّادِقِ الْاَمِيْنِ السَّابِقِ لِلْخَلْقِ نُوْرُهٗ

فاتح ہیں نبیوں کے ختم پر واقع ہیں خدا کے محبوب ہیں مخلوق خدا کی

وَرَحْمَةٍ لِّلْعٰلَمِيْنَ ظُهُوْرُهٗ عَدَدَ مَنْ

سفارش کرنے والے ہیں مسلمانوں پر نہایت مہربان بہت رحم کرنیوالے ہیں۔

مَضٰى مِنْ خَلْقِكَ وَمَنْ بَقِيَ وَمَنْ

نہایت صادق القول ہیں امانت دار ہیں آپؐ کا نور تمام مخلوق سے پہلے پیدا ہوا

سَعِدَ مِنْهُمْ وَمَنْ شَقِيَ صَلٰوةً تَسْتَغْرِقُ

ہے آپؐ کا ظہور تمام اہلِ عالم کے لیے رحمت ہے۔ آپؐ پر رحمتیں ہوں اس مخلوق

الْعَدَّ وَتُحِيْطُ بِالْحَدِّ صَلٰوةً لَّا غَايَةَ لَهَا

کی تعداد کے مطابق جو دُنیا سے گزر چکی اور جو دنیا میں موجود ہے اور جو نیک

وَلَا مُنْتَهٰى وَلَا انْقِضَاءَ صَلٰوةً دَائِمَةً

بخت ہے اور جو بد بخت ہے تعداد کے مطابق ایسے درُود نازل فرمایئے جو تمام حُدود

بِدَوَامِكَ بَاقِيَةً بِبَقَائِكَ وَعَلٰى اٰلِهٖ

کو گھیر لے اور لپیٹ احاطہ کرلے اور ایسی رحمتیں نازل فرمایئے کہ جس کی نہ کوئی غایت ہو اور نہ

وَصَحْبِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّاتِهٖ وَاَصْهَارِهٖ

انتہا اور نہ فنا ایسا درُود پائدار جو ہمیشہ آپکی ذات کی پائداری کی طرح پائدار اور باقی رہنے والا ہو آپکی

وَاَنْصَارِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا مِّثْلَ ذٰلِكَ وَاَجْرِ

باقی کی طرح اور آپؐ کے خاندان پر آپؐ کے صحابہ پر اور آپکی بیبیوں پر اور آپکی اولاد پر اور آپکے

يَا مَوْلٰنَا خَفِيَّ لُطْفِكَ فِيْ اُمُوْرِنَا كُلِّهَا

سُسرالی رشتہ داروں پر اور آپکے مددگاروں پر بھی رحمتیں نازل فرمایئے اسی طرح پر سلامتی

وَاُمُوْرِ الْمُسْلِمِيْنَ.

بھی اے ہمارے پروردگار اپنی چھپی ہوئی مہربانیاں ہمارے تمام کاموں میں اور تمام مسلمانوں کے کاموں میں ظاہر فرمایئے

فضیلت

یہ بھی ایک بار پڑھنا چودہ ہزار درود شریف پڑھنے کے برابر ہے اور قیامت کے دن نور ہے۔

سعادت الدارین صفحہ ۲۲۸ میں اس درود شریف کو شیخ شہاب احمد سلوی سے نقل کیا ہے۔ اس درود کے متعلق بعض صالحین سے منقول ہے کہ چودہ ہزار کے برابر ہے۔ اس درود کو نور القیامۃ بھی کہتے ہیں۔ کیونکہ اس کی برکت سے پڑھنے والے کو روزِ قیامت بہت انوار نصیب ہوں گے۔ اس صیغۂ درود کے متعلق یہ بھی کہا جاتا ہے کہ قدرتی تحریر سے بعض پتھروں پر لکھا ہوا پایا گیا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ السَّابِقِ

اے اللہ رحمتیں نازل فرمائیے ہمارے آقا محمد ﷺ پر جن کا نور پیدائش تمام مخلوق سے

لِلْخَلْقِ نُوْرُهٗ وَرَحْمَةٍ لِّلْعٰلَمِيْنَ ظُهُوْرُهٗ

پہلے ہے اور جن کا ظہور تمام جہان والوں کے لیے رحمت ہے اپنی اس مخلوق

عَدَدَ مَنْ مَّضٰى مِنْ خَلْقِكَ وَمَنْ بَقِيَ

کے عدد کے مطابق جو صفحۂ عالم سے گزر چکی ہے اور جو کہ دنیا میں موجود

وَمَنْ سَعِدَ مِنْهُمْ وَمَنْ شَقِيَ صَلٰوةً

ہے اور جو ان میں سے نیک بخت ہے اور جو بد بخت ہے ایسی رحمت

تَسْتَغْرِقُ الْعَدَّ وَتُحِيْطُ بِالْحَدِّ صَلٰوةً لَا

جو بے شمار کو گھیر لے اور پورا احاطہ کر لے ایسی رحمت جس کی نہ کوئی حد ہو

غَايَةَ لَهَا وَلَا انْتِهَاءَ وَلَا اَمَدَ لَهَا وَلَا

اور نہ غایت نہ انتہا ہو نہ سرحد ہو نہ فنا ہو وہ ہمیشہ آپ کی ذات مقدس کی

انْقِضَاءَ صَلٰوةً دَائِمَةً بِدَوَامِكَ وَعَلٰى

طرح دائمی طور پر باقی رہے اور آپؐ کی اولاد پر اور آپؐ کے صحابہؓ پر

اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ كَذٰلِكَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ

اسی طرح اور تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں اسی شان سے

فضیلت یہ بھی ایک بار پڑھنا دس ہزار درود شریف کے برابر ہے۔ علامہ سخاویؒ نے القول البدیع صفحہ ۸۳۹ میں اس درود شریف کے متعلق بعض مستند مشائخ عظام سے نقل فرمایا ہے کہ اس صیغہ کو ایک مرتبہ پڑھنا دس ہزار مرتبہ درود پڑھنے کے برابر ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بَحْرِ اَنْوَارِكَ

اے اللہ رحمتیں نازل کیجئے ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جو کہ آپ کے

وَمَعْدِنِ اَسْرَارِكَ وَلِسَانِ حُجَّتِكَ

انوار کے سمندر ہیں۔ آپ کے عقیدوں کی کان ہیں آپ کی حجت ہیں آپ کی

وَعُرُوْسِ مَمْلَكَتِكَ وَاِمَامِ حَضْرَتِكَ

سلطنت کی رونق ہیں۔ آپ کی درگاہ کے امام ہیں، آپ کی رحمت کے خزانے ہیں آپ

خَزَائِنِ رَحْمَتِكَ وَطَرِيْقِ شَرِيْعَتِكَ

معرفت کا ذریعہ ہیں۔ اے اللہ ہمارے آقا آپکی شراب توحید سے اور تجلیات کے

اَلْمُتَلَذِّذِ بِتَوْحِيْدِكَ وَمُشَاهَدَتِكَ

مشاہدے لذت پانے والے ہیں، وجودِ عالم کی آنکھ کی پتلی ہیں، موجوداتِ عالم کیلئے

اِنْسَانِ عَيْنِ الْوُجُوْدِ وَالسَّبَبِ فِيْ

سببِ تخلیق ہیں تمام مخلوق کے سرداروں کے سردار ہیں آپ کی معرفت میں

كُلِّ مَوْجُوْدٍ عَيْنِ اَعْيَانِ خَلْقِكَ الْمُتَقَدِّمِ

سب سے آگے بڑھنے والے ہیں، اے اللہ ہمارے آقا پر ایسی رحمتیں نازل

مِنْ نُّوْرِ ضِيَائِكَ صَلَاةً تَدُوْمُ بِدَوَامِكَ

کیجئے جو آپ کی ذات کی ہمیشگی کی طرح ہمیشہ رہیں اور آپ کی ذات

وَتَبْقٰى بِبَقَائِكَ لَا مُنْتَهٰى لَهَا دُوْنَ عِلْمِكَ

باقی کی طرح، باقی رہیں ایسی رحمتیں جن کی کوئی انتہا نہ ہو اور ایسی

صَلَاةً تُرْضِيْكَ وَتُرْضِيْهِ وَتَرْضٰى

رحمتیں جو اے اللہ آپ کو راضی کر دیں اور ہمارے آقا کو خوش کر دیں

بِهَا عَنَّا يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ.

اور انکی وجہ سے آپ ہم سے خوش ہو جائیں اے تمام جہانوں کے پروردگار

سو مرتبہ پڑھنا ایک لاکھ دُرود شریف کے برابر ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ

اے اللہ رحمت نازل فرمایئے ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر پہلے نیک

وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ وَصَلِّ

بندوں کے ساتھ اور رحمت نازل فرمایئے ہمارے آقا محمد ﷺ پر بعد کے نیک اور

عَلٰی مُحَمَّدٍ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ۔

بزرگوں کے ساتھ اور رحمت نازل فرمایئے ہمارے آقا محمد ﷺ پر قیامت کے دن تک۔

فضیلت | یہ سو مرتبہ پڑھنا ایک لاکھ دُرود شریف کے برابر ہے اس صیغۂ دُرود شریف کو سعادت الدارین ص ۲۷۸ میں بحوالہ کنوز الاسرار نقل کیا ہے۔ اور اس کے فائدے میں لکھا ہے کہ ایک بزرگ اس دُرود شریف کو ہر شب سو مرتبہ پڑھا کرتے تھے تو عالم منام میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کو سو مرتبہ پڑھنا ایک لاکھ مرتبہ دُرود پڑھنے کے برابر ہے۔ انتہی لہٰذا اس کا ورد کرنا موجب فلاح دارین ہے۔ روزانہ اس دُرود کو سوتے وقت سو مرتبہ پڑھ لینا چاہیئے۔

امام شافعی کا اعزاز، برکت دُرود شریف

حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے متعلق اس نوع کے کئی خواب منقول ہیں۔ علامہ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ قول بدیع میں عبداللہ بن عبدالحکم سے نقل کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں دیکھا میں نے ان سے پوچھا کہ اللہ نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ کیا؟ انہوں نے کہا کہ اللہ نے مجھ پر رحم فرمایا۔ میری مغفرت فرمادی اور میرے لیے جنت ایسی مزین کی گئی۔ جیسا کہ دُلہن کو مزین کیا جاتا ہے اور میرے اُوپر ایسی بکھیر کی گئی۔ جیسا دُلہن پر بکھیر کی جاتی ہے۔ (شادی پر دُولہا اور دُلہنوں پر روپے پیسے وغیرہ نچھاور کئے جاتے ہیں) میں نے پوچھا کہ یہ مرتبہ کیسے پہنچا۔ مجھ سے کسی کہنے والے نے یوں کہا کہ کتاب الرسالہ میں جو دُرود لکھا ہے اس کی وجہ سے۔ میں نے پُوچھا وہ کیا ہے؟ مجھ سے بتایا گیا کہ وہ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَعَدَدَ مَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ ہے۔ جب میں صبح کو اُٹھا تو میں نے امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب الرسالہ میں یہ دُرود اس طرح پایا۔

یہ چار دُرود شریف حضرت مولانا فضل الرحیم صاحب جامعہ اشرفیہ نیلا گنبد والوں نے تحریر فرمائے ہیں۔

قرض ادا ہو جائے گا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ اَبَدًا اَفْضَلَ صَلَوٰتِكَ عَلٰى

اے اللہ! ہمیشہ افضل سے افضل رحمتیں نازل فرمایئے

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

اپنے بندۂ خاص اور اپنے نبی مکرم سیدنا محمد نبی

وَّاٰلِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا ۝ وَزِدْهُ تَشْرِيْفًا ۝

امی پر اور خوب خوب سلام نازل فرمایئے اور آپ کے شرف ومنزلت میں

وَّاَنْزِلْهُ الْمَنْزِلَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

اضافہ فرمایئے اور آپ کو قیامت کے دن اپنی قریب ترین منزل میں اتاریئے۔

فضیلت اگر کوئی قرض دار فرصت کے اوقات میں یکسوئی کے ساتھ روزانہ ایک سو ایک مرتبہ یہ درود شریف پڑھ کر دعا کرے تو اللہ تعالیٰ غیب سے اس کے قرض کی ادائیگی کا انتظام کر دیتے ہیں نہایت مجرب ہے۔

آنکھیں محفوظ رہیں گی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ السَّابِقِ

اے اللہ! رحمت نازل فرمایئے ہمارے آقا حضرت محمد پر کہ پہلے تھا مخلوق

الْخَلْقِ نُوْرُهٗ ○ وَالرَّحْمَةِ لِلْعٰلَمِيْنَ

سے ان کا نور، رحمت ہے جہان والوں کے لیے ان کا ظہور، بہ تعداد ان

ظُهُوْرُهٗ ○ عَدَدَ مَنْ مَّضٰى مِنْ خَلْقِكَ وَمَنْ

کے جو گزر چکے آپ کی مخلوق میں سے اور جو باقی رہے اور جو نیک بخت

بَقِيَ ○ وَمَنْ سَعِدَ مِنْهُمْ وَمَنْ شَقِيَ ○

ہیں ان میں سے اور جو بد بخت ہیں ایسی رحمت کر جو ختم کر دے

صَلٰوةً تَسْتَغْرِقُ الْعَدَّ وَتُحِيْطُ بِالْحَدِّ ○

گنتی کو اور احاطہ کر لے حد کا، ایسی رحمت کر نہ اس کی غایت ہو

صَلٰوةً لَّا غَايَةَ لَهَا وَلَا انْتِهَاءَ ○ وَلَا اَمَدَ

اور نہ انتہا ہو، نہ حد ہو اور نہ ختم ہونا آپ اپنی رحمتیں آنحضرت

لَهَا وَلَا انْقِضَاءَ ○ صَلَوَاتِكَ الَّتِيْ صَلَّيْتَ

پر نازل فرمایئے وہ ایسی دائم ہوں کہ آپ کے دوام کے ساتھ

عَلَيْهِ ○ صَلٰوةً دَائِمَةً بِدَوَامِكَ ○

ہمیشہ رہیں اور آپ کی آل و اصحاب پر بھی اسی طرح

وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ كَذٰلِكَ ○ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ

ہمیشہ رہیں، اور تمام تعریفیں اللہ کے لیے

عَلٰى ذٰلِكَ ○

ہیں اس پر۔

فضیلت: اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد تین بار یہ

دُرود شریف پڑھ کر انگلیوں پر دَم کرے اور آنکھوں پر پھیر لیا کرے تو اللہ تعالیٰ آنکھ کی ایسی تکلیف بھی دُور کر دیتے ہیں جس سے ڈاکٹر عاجز آگئے ہُوں اور بینائی تیز ہو جاتی ہے، آزمودہ ہے۔

آسیب اور موذی جانوروں سے حفاظت ہوگی

صَلَّى اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَبِحَمْدِهٖ عَلٰى

رحمت نازل فرمائیں اللہ تعالیٰ ہم اس کی تسبیح و تحمید کرتے ہیں

مُحَمَّدٍ عَبْدِهٖ وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِهٖ

حضرت محمد ﷺ پر جو اس کے خاص بندے اور رسول نبی امی ہیں اور آپ کی آل

وَبَارِكْ وَسَلِّمْ كَمَا هُوَ اَهْلُهٗ ○

پر اور برکت اور سلام نازل فرمائیں جیسا کہ آپ کے شایانِ شان ہو۔

فضیلت اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد سات دفعہ یہ دُرود شریف پڑھ کر بدن پر دَم کر لیا کرے تو جن، آسیب اور سانپ بچھو کوئی بھی موذی جانور اس کو تکلیف نہ دے سکے گا۔ اور نہ کوئی ظالم و سرکش اس پر غلبہ پا سکے گا۔ نیز کثرت سے اسکا ورد کرنا عجیب حفاظتی حصار کی طاقت رکھتا ہے۔

عزّت اور کامیابی حاصل ہو گی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ الْعٰلَمِیْنَ حَبِیْبِكَ

اے اللہ! رحمت نازل فرما جہانوں کے سردار اپنے حبیب

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ ۝ صَلٰوۃً اَنْتَ لَهَا اَهْلٌ ۝

حضرت محمدؐ پر اور ان کی آل پر ایسی رحمت جو تیرے شایانِ شان

وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ كَذٰلِكَ ۝

ہو اور اسی طرح برکت وسلام نازل فرما۔

فضیلت اگر کوئی شخص بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب ۱۱ بار اور دیگر نمازوں کے بعد سات مرتبہ یہ درُود شریف پابندی سے پڑھا کرے تو اللہ تعالیٰ اسکو اور اسکی اولاد کو معاشرے میں باعزت مقام عطا کرے گا اور لوگوں کی نگاہ میں محبوبیت نصیب ہو گی۔

کاروبار میں ترقی ہو گی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ

اے اللہ! رحمت نازل فرما اپنے بندے اور رسول حضرت

وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

محمدؐ پر اور رحمت بھیج مومن مردوں اور عورتوں

وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ ۝

پر اور مسلمان مردوں اور عورتوں پر۔

فضیلت اگر کوئی کاروبار میں ترقی اور مال و دولت میں فراوانی کا خواہاں ہو تو پابندی سے فرصت کے اوقات میں ۳۱۳ بار یہ درُود شریف پڑھ کر دُعا کیا کرے انشاءاللہ بہت جلد مالی خوش حالی نصیب ہوگی، اور کاروبار ترقی کرے گا۔

ظلم وستم اور فقر و فاقہ سے نجات ملے گی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ

اے اللہ! رحمت نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمدؐ پر جو صحیح اور غلط کے درمیان کرنیوالے اور

الْفَرْقِ وَالْفُرْقَانِ ۝ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّسَلِّمْ

حق و باطل کے درمیان فیصلہ کرنیوالے ہیں اور رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ کی آل پر بھی اور سلام نازل فرما

فضیلت اگر شوہر مار پیٹ اور ظلم وستم کرتا ہو یا کوئی تنگ دستی اور محتاجی کا شکار ہو تو وہ یہ درُود شریف بعد نمازِ فجر اور

بعد نمازِ مغرب یا عشاء ۱۷ بار پڑھ کر دُعا کرے تو اللہ تعالیٰ شوہر کو بیوی پر مہربان کر دے گا اور محتاج تنگ دستی سے نجات پائیگا۔

دِل کی تیز دھڑکن اور خون کا دباؤ اعتدال میں آئیگا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ پر، جو نبی امی اور

الطَّاھِرِ الزَّکِیِّ صَلٰوۃً تُحَلُّ بِھَا

پاک صاف ہیں، ایسی رحمت کہ اس کی برکت سے عقدے حل

الْعُقَدُ وَتُفَکُّ بِھَا الْکُرَبُ

ہو جائیں، اور پریشانیوں کے بندھن ٹوٹ جائیں۔

فضیلت جس شخص کا دِل خواہ مخواہ گھبرانے لگے اور انجانا خوف طاری ہو یا بلڈ پریشر کا مریض ہو تو یہ درود شریف روزانہ بعد نمازِ فجر اور نمازِ مغرب ۳۱۳ بار پڑھ کر سینہ پہ پھونک لے اور آدھ گپ پانی پر دم کرکے پی لیا کرے تو انشاءاللہ بہت جلد افاقہ ہوگا اور طمانیتِ قلب نصیب ہوگی، امراضِ قلب میں نہایت اکسیر ہے۔

باغات اور فصلیں زرعی بیماریوں سے محفوظ رہیں گی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ اَوْرَاقِ
اے اللہ! صلوٰۃ و سلام نازل فرما حضرت محمدﷺ پر درختوں
الْاَشْجَارِ ○ وَبِعَدَدِ اَقْطَارِ الْاَمْطَارِ ○
کے پتوں کی تعداد میں اور بارش کے قطروں کی
وَبِعَدَدِ دَوَآبِّ الْبَرَارِیْ وَالْبِحَارِ ○
تعداد میں اور خشکی اور دریا کے حیوانات کی تعداد
وَعَلٰی وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ ○
میں اور آپ کی آل و اصحاب پر بھی۔

فضیلت اگر کاشت کرنے سے پہلے ۱۴۱۴ بار یہ دُرود شریف پانی پر دم کر کے کھیت میں چھڑک دیا جائے تو فصل زرعی بیماریوں سے انشاءاللہ محفوظ رہے گی نیز ہر نماز کے بعد کاشتکار اس دُرود شریف کو ۲۱ بار پڑھ کر دُعا کرتا رہے تو فصل میں خوب برکت اور ترقی ہوگی۔

مشکلیں آسان ہوں گی، حاجتیں پوری ہونگی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ

اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ پر جیسا کہ آپ اس

وَمُسْتَحِقُّہٗ

کے اہل اور اس کے مستحق ہیں۔

فضیلت اگر کسی کو کوئی دشوار کام پیش آجائے اور کسی بھی طرح ہوتا دکھائی نہ دے یا کوئی جائز حاجت پوری نہ ہو رہی ہو تو اس کو چاہیے کہ لوگوں کے سونے کے بعد تازہ وضو کرکے پاک جگہ قبلہ رُخ بیٹھ جائے اور یہ دُرود شریف ایک ہزار مرتبہ بسم اللہ شریف کے ساتھ پڑھے۔ اس کے بعد ہزار مرتبہ کلمہ طیبہ مع بسم اللہ شریف پڑھ کر نہایت گڑگڑا کر مطلوبہ کام کے لیے دُعا کرے انشاءاللہ العزیز بہت جلد کام ہو جائے گا نہایت مجرب ہے۔

دینی، دنیوی تمام مہمات میں کامیاب ہو گا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ صَلٰوۃً

اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ اور آپ کی آل پر

تُنْجِيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ

پر ایسی رحمت کہ آپ اسکی برکت سے ہمیں تمام ہولناکیوں اور آفتوں

وَالْاٰفَاتِ ○ وَتَقْضِیْ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ

سے نجات عطا فرمائیں اور اس کی برکت سے آپ ہماری تمام حاجتیں

الْحَاجَاتِ ○ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ

پوری فرمادیں، اور اس کی برکت سے آپ ہمیں تمام برائیوں

السَّيِّاٰتِ ○ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى

اور گناہوں سے پاک کردیں، اور اس کی برکت سے آپ ہمیں اپنے

الدَّرَجَاتِ ○ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى

پاس اعلیٰ درجات میں بلند کردیں، اور اس کی برکت سے آپ ہمیں

الْغَايَاتِ ○ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِی

تمام بھلائیوں کی آخری حدود تک پہنچادیں، دُنیا

الْحَيٰوةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ ○ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ

کی زندگی میں بھی اور مرنے کے بعد بھی بے شک اللہ ہر

شَیْءٍ قَدِيْرٌ ○

چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

فضیلت یہ دُرُود شریف بحری سفر کی جملہ آفات سے خلاصی کا عجیب آزمودہ دُرُود ہے، نیز کسی

بھی دینی یا دنیاوی اہم کام میں بھرپور کامیابی کے لیے
ایک ہزار مرتبہ پڑھنا اکسیر اعظم کا درجہ رکھتا ہے اور ہر طرح
کے فکر و غم اور پریشانی کو دُور کرتا ہے۔ بزرگوں کا نہایت
آزمودہ ہے اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ بعد نماز
عشاء دو رکعات نفل، نماز حاجت کی نیّت سے
پڑھے، ہر رکعات میں سُورۃ فاتحہ کے بعد گیارہ مرتبہ سُورۃ
اخلاص پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد ایک سو مرتبہ
یہ دُرود شریف پڑھ کر اپنی حاجت اللہ تعالیٰ کے حضور
پیش کرے انشاءاللہ بہت جلد حاجت پُوری ہو گی اور
انہونا کام اللہ تعالیٰ غیب سے کر دیں گے۔ نیز اس دُرود
شریف کے پڑھنے والا ہرگز کبھی بدبخت شمار نہیں ہو گا۔

میاں بیوی میں مثالی اُلفت پیدا ہو جائیگی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مُّعَطِّرِ الرُّوْحِ ○

اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ پر جو روح کو معطر کرنیوالے

وَّاٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ ○ صَلٰوۃً

ہیں، اور آپ کی پاک اور ستھری آل پر، ایسی رحمت کہ اس

تُعَطِّرُنَا بِھَا وَبَارِکْ وَسَلِّمْ ○

کے ذریعہ آپ ہمیں معطر کر دیں، اور برکت اور سلام نازل فرما۔

فضیلت میاں بیوی میں بے مثال اُلفت و محبت پیدا کرنا مطلوب ہو یا دونوں میں سے کوئی ایک ناراض ہو اور اسکو راضی کرنا مقصود ہو تو پھولوں پر یا مشک و عنبر کی خوشبو پر یا جو بھی خوشبو میسر آجائے اس پر یہ درُود شریف ۴۵۰ بار دَم کر کے دونوں میاں بیوی سونگھیں انشاءاللہ ایک دُوسرے کو خوب چاہنے لگیں گے، آزمودہ ہے، مدّتِ عمل اکتالیس دن ہے، نیز اگر مطلوبہ شخص دُور ہو تو چینی پر دم کر کے چیونٹیوں کو ڈال دیا کریں انشاءاللہ زوجین کے قلوب ایک دُوسرے کی طرف مائل ہونے لگیں گے۔

ہر امتحان میں کامیاب ہوگا

رَبِّ صَلِّ عَلٰی نَبِیِّیْ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ

اے اللہ! رحمت نازل فرما میرے نبی حضرت محمدؐ پر

اَجَلِّھَا ۝ وَاقْضِ لِیْ بِجَاھِہٖ حَوَآئِجِیْ

اور آپ کی آل پر، سب سے جلیل القدر رحمت، اور پوری

کُلَّھَا ۝ وَصَلِّ عَلَیْہِ کَمَآ اَنْتَ اَھْلُھَا ۝

فرما آپ کے طفیل میری تمام حاجتیں اور رحمت نازل فرما آنحضرت

وَسَلِّمْ وَشَرِّفْ وَكَرِّمْ دَائِمًا ۝

جیسا کہ آپ کے شایانِ شان ہو اور سلام بھیج اور شرف و کرامت عطا فرما ہمیشہ

فضیلت کسی بھی قسم کے امتحان میں کامیابی کے لیے اس درود شریف کو عجیب تاثیر حاصل ہے۔ اگر طالب علم ہر نماز کے بعد گیارہ بار پڑھ کر امتحان میں کامیابی کی دعا کرتا رہے تو اللہ تعالیٰ نمایاں کامیابی عطا کر دیتے ہیں، خصوصاً زبانی امتحان سے قبل گیارہ بار سینہ پر دم کرنے سے جوابات آسان ہو جاتے ہیں اور کسی قسم کی گھبراہٹ نہیں ہوتی

حلال روزگار ملے گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ ۝

اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور آلِ محمد ﷺ پر عطا

وَهَبْ لَنَا اللّٰهُمَّ مِنْ رِّزْقِكَ الْحَلَالِ

کر ہم کو اے اللہ! اپنے رزقِ حلال، طیب اور بابرکت

الطَّيِّبِ الْمُبَارَكِ مَا تَصُوْنُ بِهٖ وُجُوْهَنَا

سے اس قدر کہ آپ بچالیں اس کے ذریعہ ہمارے چہروں

عَنِ التَّعَرُّضِ اِلٰى اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ ۝

کو آپ کی مخلوق میں سے کسی کے سامنے اپنی حاجت

وَاجْعَلْ لَّنَا اللّٰهُمَّ اِلَيْهِ طَرِيْقًا سَهْلًا
پہنچ کرنے سے اور نکال دے ہمارے لیے اے اللہ! راستہ

مِّنْ غَيْرِ تَعَبٍ وَّلَا نَصَبٍ وَّلَا مِنَّةٍ وَّلَا
آسان بغیر مشقت اور تکان اور بغیر احسان مندی اور تاوان

تَبِعَةٍ ○ وَّجَنِّبْنَا اللّٰهُمَّ الْحَرَامَ حَيْثُ
کے اور بچا ہم کو اے اللہ! حرام سے جہاں کہیں ہو اور جس

كَانَ وَاَيْنَ كَانَ وَعِنْدَ مَنْ كَانَ وَحُلْ
کے پاس ہو اور آڑ بنا دے ہمارے درمیان اور حرام والوں

بَيْنَنَا وَبَيْنَ اَهْلِهٖ ○ وَاقْبِضْ عَنَّا
کے درمیان اور بند کر دے ہم سے ان کے ہاتھوں کو اور پھیر

اَيْدِيَهُمْ وَاصْرِفْ عَنَّا قُلُوْبَهُمْ ○
دے ہم سے ان کے دلوں کو یہاں تک کہ نہ ہو ہماری نقل

حَتّٰى لَا نَتَقَلَّبَ اِلَّا فِيْمَا يُرْضِيْكَ وَلَا
و حرکت مگر اس چیز میں جو آپ کو راضی کرے اور ہم مدد نہ

نَسْتَعِيْنَ بِنِعْمَتِكَ اِلَّا عَلٰى مَا تُحِبُّ
لیں آپ کی نعمت کے ساتھ مگر اسی چیز پر جو آپ کو محبوب ہو

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ○
اے ارحم الراحمین اپنی رحمت سے ایسا ہی کر

فضیلت اگر کوئی شخص فقر و فاقہ اور بے روزگاری کا شکار ہو اور کسی طرح بھی اس سے خلاصی دکھائی نہ دیتی ہو تو ہر نماز کے بعد سات بار اور مغرب کے بعد ۱۷ بار یہ دُرود شریف پڑھ کر خوب آہ وزاری سے دُعا کرے تو بہت جلد حلال روزگار نصیب ہوگا اور رزق کی فراوانی ہو جائے گی ۔ انتہائی آزمودہ ہے ۔

من پسند رشتہ نصیب ہوگا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ذِی الْعِزِّ وَالْکِبْرِیَآءِ وَصَلَّی

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے، جو عزت و کبریائی کا مالک

اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ خَاتَمِ الْاَنْبِیَآءِ ○

ہے، اور اللہ تعالیٰ رحمت نازل فرمائے حضرت محمد خاتم الانبیا پر۔

فضیلت جو شخص چاہے کہ اسکو من پسند رشتہ میسر آئے اور ظاہر و باطن دونوں اعتبار سے باکمال ہو تو اسے چاہیئے کہ عشاء کے بعد یا تہجّد کے وقت گیارہ سو گیارہ دفعہ یہ دُرود شریف پڑھ کر بارگاہِ الٰہی میں دُعا گو ہو تو حق تعالیٰ شانہ اسکی جائز دلی مراد پوری کر دیں گے اور اس رشتہ سے باہم اُلفت و محبت نصیب ہوگی ۔ مدت عمل اکیانوے دن ہے ۔

غیب سے قرض کی ادائیگی کا انتظام ہوگا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اے اللہ! ہمارے آقا محمدؐ پر اور ہمارے آقا محمدؐ کی آل پر صلوٰۃ نازل

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّا اخْتَلَفَ الْمَلَوَانِ

فرماتا رہ جب تک کہ شب و روز کی گردش جاری ہے، صبح و شام

وَتَعَاقَبَ الْعَصْرَانِ وَتَكَرَّرَ الْجَدِيْدَانِ

ایک دوسرے کا تعاقب کر رہی ہیں، رات اور دن نو بہ نو رعنائیوں کے ساتھ

وَاسْتَقَلَّ الْفَرْقَدَانِ وَبَلِّغْ رُوْحَ سَيِّدِنَا

جلوہ نما ہو رہے ہیں اور فرقد (قطبی) ستارے (اپنی ضیا باریوں اور پراسرار کشش

مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجَ اَهْلِ بَيْتِهٖ مِنَّا التَّحِيَّةَ

کے ساتھ قائم ہیں اور ہمارے آقا محمدؐ کی روح کو اور آپؐ کے اہل بیت کی ازواج کو

وَالسَّلَامَ

ہماری جانب سے ہدیۂ عقیدت و سلام پہنچا دیجئے۔

فضیلت | جو شخص قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا اور ادائیگی کی کوئی سبیل نہ پاتا ہو، وہ چالیس دن صبح و شام ۴۰، ۴۰ مرتبہ مذکورہ بالا صلوٰۃ و سلام پڑھے، انشاءاللہ العزیز غیب سے ادائیگی کا انتظام ہوگا۔ علاوہ ازیں اس صلوٰۃ و سلام

کا ایک مرتبہ پڑھنا دس ہزار مرتبہ درُود و سلام پڑھنے کا ثواب رکھتا ہے۔ گویا صلوٰۃ و سلام کے یہ الفاظ ہم خرما و ہم ثواب کا مصداق ہیں۔

کاروبار میں برکت ہوگی، گھر کی حفاظت ہوگی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ

اے اللہ! رحمت، سلام اور برکت نازل فرماتا رہ محمدؐ

وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَسَلَّمْتَ

اور آلِ محمدؐ پر جیسی رحمت، سلام اور برکت نازل فرمائی آپ

وَبَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

نے ابراہیم اور آلِ ابراہیم پر، یقیناً آپ ہی کی ذات

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ"

ستودہ صفات اور جامع کمالات ہے۔

فضیلت کاروبار چلتا نہ ہو، ملازمت میں ترقی رکی ہوئی ہو، گھر میں ناچاقی ہو تو ستر دن روزانہ صبح و شام ستر، ستر مرتبہ مذکورہ بالا صلوٰۃ و سلام پڑھے، انشاءاللہ مقصود حاصل ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ

وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ ۝

زاد السعید میں طبرانی سے حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مبارک نقل ہے کہ جو شخص صبح و شام مجھ پر دس مرتبہ درود شریف بھیجے گا تو قیامت کے دن اس کے لیے میری شفاعت ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْزِ مُحَمَّدًا صَلَّى

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا هُوَ اَهْلُهٗ ۝

نزہتہ المجالس میں طبرانی سے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث شریف نقل ہے کہ جو شخص صبح و شام یہ درود شریف پڑھا کرے تو اللہ اس کا ثواب لکھنے والوں کو ایک ہزار دن تک

مشقت میں رکھے گا۔ مطلب یہ کہ ایک ہزار دن تک فرشتے اِس ایک دُرودشریف کا ثواب لکھتے رہیں گے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ ؕ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کا ارشاد مبارک نقل کرتے ہیں کہ جس کے پاس صدقہ دینے کو کچھ نہ ہو تو وہ یوں دُعا مانگا کرے یعنی یہ درود شریف پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَوْلَادِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِ اَطْھَارِہٖ وَاَنْصَارِہٖ وَاَشْیَاعِہٖ وَمُحِبِّیْہِ وَاُمَّتِہٖ وَعَلَیْنَا مَعَھُمْ اَجْمَعِیْنَ یَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

(دُرودِ کوثر)

حضرت خواجہ حسن بصری رَحۡمَۃُ اللہ تعالیٰ عَلَیۡہِ سے نقل ہے کہ جو شخص چاہے کہ حضور صَلَّی اللہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کے حوض سے بھرپور پیالہ پیئے تو اُسے چاہیئے کہ یہ درُود شریف پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ لَکَ الۡحَمۡدُ کَمَاۤ اَنۡتَ اَھۡلُہٗ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَاۤ اَنۡتَ اَھۡلُہٗ وَافۡعَلۡ بِمَاۤ اَنۡتَ اَھۡلُہٗ فَاِنَّکَ اَنۡتَ اَھۡلُ التَّقۡوٰی وَاَھۡلُ الۡمَغۡفِرَۃِ ○

علامہ ابن المشتہر رَحۡمَۃُ اللہ تعالیٰ عَلَیۡہِ فرماتے ہیں کہ جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اللہ تعالیٰ کی ایسی حمد کروں جو سب سے زیادہ افضل ہو، جواب تک کسی نے نہ کی ہو اور حضور صلی اللہ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر ایسا دُرود پڑھوں جو سب سے افضل ہو تو وہ یہ دُرُود پڑھا کرے۔

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعۡوَۃِ التَّآمَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الۡقَآئِمَۃِ اٰتِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدَنِ الۡوَسِیۡلَۃَ

وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ

مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ۨ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ ط وَارْزُقْنَا

شَفَاعَتَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ط اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ

الْمِيْعَادَ ۝

بخاری شریف کی حدیث ہے کہ جو شخص اذان سنے اور یہ دُعا پڑھے تو اس کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کی شفاعت اُتر آتی ہے۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہُ حدیث بیان کرتے ہیں کہ فجر کی نماز کے بعد جو شخص سَو مرتبہ دُرود شریف پڑھے گا تو ربّ العزت اس شخص کی ایک سو حاجتیں پُوری کرے گا۔

ایک لاکھ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

مُحَمَّدِ النُّوْرِ الذَّاتِيِّ وَالسِّرِّ السَّارِيْ

فِيْ سَائِرِ الْاَسْمَآءِ الصِّفَاتِ ۝

اس دُرود شریف کے پڑھنے سے ایک لاکھ دُرود کا ثواب ملتا ہے ۔ بے قراری کو دُور کرنے کے لیے پانچ سو مرتبہ پڑھنا چاہیئے ۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ وَاَزْوَاجِهٖ وَاُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

حضور کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے جو سیدنا حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی حدیث شریف سے نقل کیا گیا ہے کہ جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کا دُرود شریف بڑے سے بڑے پیمانے سے ناپا جائے تو جب وہ اہلِ بیت پر درود شریف بھیجے تو یوں پڑھا کرے ۔

نزہۃ المجالس میں درج ہے کہ ایک بزرگ نے

حضرت شیخ شہاب الدین بن اسلان رحمۃ اللہ علیہ کی زیارت کی اور ان سے اپنے لا علاج مرض کی شکایت کی اور تکلیف بیان کی۔ حضرت نے فرمایا کہ تریاق مجرب سے کہاں غافل ہو، یہ درود شریف پڑھا کرو۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَلْبِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُلُوْبِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَبْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ۝

جب اس شخص نے یہ درود شریف پڑھا تو اس کا مرض اور تکلیف غائب تھی۔ وہ بالکل ایسا تندرست ہو گیا۔ جیسے کبھی بیمار تھا ہی نہیں۔

درودِ گنجِ عاشقاں

صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلٰوۃً وَّ
سَلَامًا عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

(۱) جو شخص بعد نمازِ جمعہ (۱۰۰) بار یہ درود شریف پڑھے تو اس کو پانچ ہزار (۵۰۰۰) نیکیاں حاصل ہوں گی۔
(۲) اللہ اس پر دو ہزار سلام بھیجے گا۔
(۳) اس کا ایمان پر خاتمہ ہوگا۔
(۴) اس کو قیامت کے دِن حضور اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی شفاعت ملے گی۔
(۵) اس کے مال اور اولاد میں ترقی ہوگی۔
(۶) خُداوندِ قدوس پڑھنے والے سے ایسا راضی ہوگا کہ پھر کبھی اس سے ناراض نہ ہوگا۔
(۷) اس کو دشمنوں پر غلبہ حاصل ہوگا۔
(۸) خواب میں حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی زیارت نصیب ہوگی
(۹) اس پر رب تعالیٰ تین ہزار رحمتیں نازل فرمائے گا۔

مسجد میں آنے اور جانے پر درُود

بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

آنحضرت صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمْ جب مسجد میں جاتے یا مسجد سے نکلتے تو یہ درُود شریف پڑھا کرتے تھے۔ (ص ۵۵)

مکمل دُرود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ

حضور اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمْ نے صحابہؓ سے ایک مرتبہ فرمایا تم نامکمل دُرود شریف نہ پڑھا کرو پھر صحابہ کرامؓ کے دریافت کرنے پر آپ نے مذکورہ درود شریف تعلیم فرمایا۔ (ص ۴۴)

جنّت میں ٹھکانہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

عَلَیْہِ السَّلَامُ

جُمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھنے والے کو مرنے سے پہلے جنّت میں اُس کا ٹھکانہ دِکھا دیا جائے گا۔ (ص ۸۴)

پریشانیاں دُور ہوں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الطَّاھِرِ الزَّکِیِّ صَلٰوۃً تُحَلُّ بِہِ الْعُقَدُ وَتُفَکُّ بِھَا الْکُرَبُ

یہ درُود شریف بار بار پڑھنے سے اللہ تعالیٰ پریشانی دُور فرما دیتے ہیں (ص ۱۱۴)

حضور صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کے روضہ مُبارک کی زیارت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَکُوْنُ لَکَ رِضًا وَّلِحَقِّہٖ اَدَاءً

جو شخص نمازِ فجر اور نمازِ مغرب کے بعد ۳۳-۳۳ مرتبہ

یہ درود شریف پڑھے گا تو اُس شخص کی قبر کے اور روضۂ مبارک کے درمیان ایک کھڑکی کھول دی جائے گی اور روضۂ اقدس کی راحت اِس کو نصیب ہو گی ۔ (ص ۱۵۳)

ثواب میں سب سے زیادہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

یہ درود شریف پڑھنے میں چھوٹا اور ثواب میں سب سے زیادہ ہے جو شخص روزانہ پانچ سو مرتبہ اس کو پڑھے تو کبھی محتاج نہ ہو گا ۔ (ص ۱۵۳)

ہر درد کی دوا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ دَآءٍ وَّدَوَآءٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ ○

ہر درد اور بیماری دور ہونے کے لیے اوّل و آخر مذکورہ درود شریف پڑھیں اور درمیان میں مع بسم اللہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کریں ۔ (ص ۱۶۰)

قرض کی ادائیگی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

ظہر کی نماز کے بعد یہ درود شریف سو مرتبہ پڑھنے والے کو تین باتیں حاصل ہوں گی۔

(۱) کبھی مقروض نہ ہوگا۔
(۲) اگر قرض ہوگا تو وہ ادا ہو جائے گا خواہ جتنا بھی قرض ہو
(۳) قیامت کے دن اس کا کوئی حساب نہ ہوگا۔ (ص ۱۶۲)

جنّت کے پھل

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

جو شخص روزانہ اس درود شریف کی پابندی کرے وہ جنّت کے خاص پھل اور میوے کھائے گا۔ (ص ۱۷۳)

عرش عظیم کے برابر ثواب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مِلْأَ السَّمٰوٰتِ
وَمِلْأَ الْاَرْضِ وَمِلْأَ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ○

اس دُرود شریف کے پڑھنے والے کو آسمان و زمین بھر کر اور عرشِ عظیم کے برابر ثواب ملتا ہے۔ (ص ۱۸۲)

چاند کی طرح چہرہ ہونا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی
مِنْ صَلٰوتِکَ شَیْءٌ وَّبَارِکْ عَلَی النَّبِیِّ
مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ بَرَکَاتِکَ شَیْءٌ
وَّارْحَمِ النَّبِیَّ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ رَّحْمَتِکَ
شَیْءٌ وَّسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا
یَبْقٰی مِنْ سَلَامِکَ شَیْءٌ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ارشاد کے مطابق اس دُرود شریف کے پڑھنے والے کا چہرہ پُل صراط سے گزرتے وقت چاند سے زیادہ چمکدار ہوگا۔ (ص ۱۷۵)

مغفرت کا ذریعہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ وَّصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اَھْلِ بَیْتِہٖ

جو شخص چھینک آنے پر یہ دُرود شریف پڑھے گا تو منجانب اللہ ایک پرندہ پیدا ہوگا جو عرش کے نیچے پھڑ پھڑائے گا اور عرض کرے گا کہ اس دُرود شریف کے پڑھنے والے کو بخش دیجئے۔ (ص۳۹)

تابعین کا دُرود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اَبِیْنَا اِبْرَاھِیْمَ

حضرت سفیان بن عیینہؒ نے فرمایا میں نے ستر سال سے زیادہ حضرت تابعینؒ کو دورانِ طواف یہ دُرود شریف پڑھتے ہوئے سُنا۔ (ص ۴۰)

دُشواری دُور ہونا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ وَمُسْتَحِقُّہٗ

جس شخص کو کوئی دشواری لاحق ہو اور وہ تنہائی میں باوضو یہ دُرود شریف ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور ایک ہزار مرتبہ کلمہ طیّبہ پڑھ کر دل سے دُعا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ دُشواری دُور ہو گی (ص ۱۴۹)

دس ہزار مرتبہ کے برابر

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلَوٰاتِکَ

اس دُرود شریف کے بارے میں منقول ہے کہ یہ دس ہزار مرتبہ دُرود شریف پڑھنے کے برابر ہے (ص ۱۵۰)

اسی سال کے گُناہ معاف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

حضور اکرم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کے ارشاد کے مطابق جو شخص اسی ۸۰ مرتبہ یہ درود شریف پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے اسی ۸۰ سال کے گناہ معاف فرما دیں گے۔ (ص ۱۶۶)

اولاد کو عزت ملنا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ الْعٰلَمِیْنَ حَبِیْبِکَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ صَلٰوۃً اَنْتَ لَھَا اَھْلٌ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ کَذٰلِکَ

جو شخص صبح و شام سات سات مرتبہ اس درود شریف کو پابندی سے پڑھے گا تو اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس کی اولاد کو باعزت رکھے گا۔ (ص ۱۶۴)

بڑا جامِ کوثر عطا ہونا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَوْلَادِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ

بَيْتِهٖ وَاَصْهَارِهٖ وَاَنْصَارِهٖ وَاَشْيَاعِهٖ
وَمُحِبِّيْهِ وَاُمَّتِهٖ وَعَلَيْنَا مَعَهُمْ اَجْمَعِيْنَ
يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

جو شخص رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے حوضِ کوثر سے بڑے پیمانے کے ساتھ پانی نوش کرے، اُس کو چاہیئے کہ یہ دُرود شریف پڑھا کرے۔ (ص ۹۷)

افضل دُرود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ
مَلَاَتَ قَلْبَهٗ مِنْ جَلَالِكَ وَعَيْنَيْهِ مِنْ
جَمَالِكَ فَاَصْبَحَ فَرِحًا مَّسْرُوْرًا مُّؤَيَّدًا
مَّنْصُوْرًا۔

شیخ ابو عبداللہ بن نعمانؒ کو خواب میں ستّر مرتبہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت ہوئی۔ آخری مرتبہ میں انہوں نے حضورؐ سے افضل دُرود شریف دریافت کیا تو آپؐ نے یہ دُرود شریف

تعلیم فرمایا۔ (ص ۶۹)

تمام اوقات میں درود

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِیْ اَوَّلِ کَلَامِنَا،
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِیْ اَوْسَطِ کَلَامِنَا
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِیْ اٰخِرِ کَلَامِنَا

شیخ الاسلام ابو العباسؒ نے فرمایا جو شخص دن اور رات تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے وہ گویا دن و رات کے تمام اوقات میں درود بھیجتا رہا۔ (ص ۱۹۱)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا أَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمْ

هُوَ الْحَبِیْبُ الَّذِیْ تُرْجٰی شَفَاعَتُهٗ
لِکُلِّ هَوْلٍ مِّنَ الْاَهْوَالِ مُقْتَحِمِ

مُحَمَّدٌ سَیِّدُ الْکَوْنَیْنِ وَالثَّقَلَیْنِ
وَالْفَرِیْقَیْنِ مِنْ عُرْبٍ وَّمِنْ عَجَمِ

فَاِنَّ مِنْ جُوْدِکَ الدُّنْیَا وَضَرَّتَهَا
وَمِنْ عُلُوْمِکَ عِلْمَ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ

صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارَکَ وَسَلَّمْ

ذوق پبلشرز عقب راجپوت ہوسٹل بلڈنگ توحید پارک کمال گنج لاہور۔ فون 7157018